وعجم کا اختلاط ہوا اور نت نئے مسائل منظر عام پر آئے تو قرآن مجید کی آیات احکام کو شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا جانے لگا۔ آیات احکام کی تشریح وتوضیح میں جب مختلف مذاہب فقہ کی تدوین ہوئی تو ان مذاہب کے فقہی اصول قواعد کے تناظر میں تفاسیر تالیف کی جانے لگیں اور ہر فقہی مذہب کی کئی نمائندہ تفاسیر منظر عام پر آئیں۔ مالکی مذہب کی ایک نمائندہ تفسیر الجامع لاحکام القرآن ہے جس کے مولف اندلس کے معروف قاضی اور مفسر امام قرطبی ہیں۔ آپ نے اپنی تفسیر میں آیاتِ احکام کو خصوصیت کے ساتھ موضوع بحث بنایا اور دورانِ تفسیر مالکی مذہب کے ساتھ ساتھ دیگر فقہی مذاہب کی آراء کو بھی شامل تفسیر کیا۔ اس تفسیر پر مختلف زاویوں سے عرب وعجم میں کئی مقالات لکھے گئے، لیکن ہنوز اس تفسیر پر تحقیق کیے جانے کی کئی جہات موجود ہیں۔ جن میں سے ایک تفسیر قرطبی کی روشنی میں خواتین کے شرعی مسائل کا جائزہ لینا ہے۔ مقالہ نگار کے نزدیک اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ تفسیر قرطبی میں سے خواتین کے شرعی مسائل کو ایک جگہ جمع کر دیا جائے اور امام قرطبی کی فقہی بصیرت کو بھی اس ضمن میں منظر عام پر لایا جائے۔

اہداف:

۱۔ الجامع لاحکام القرآن جو خواتین کے شرعی مسائل سے متعلق فقہی مباحث کو جمع کرنا۔

۲۔ فقہ النساء کے حوالے سے امام قرطبی کے فقہی استدلالات کو بیان کرنا۔

اسلوب تحقیق:

۱۔ مقالہ ہذا انتساب اظہار تشکر، مقدمہ اور تین ابواب پر مشتمل ہوگا۔ مقالہ کے آخر میں مصادر ومراجع دیے جائیں گے۔

۲۔ مقالہ میں قرآنی آیات کو بطور حوالہ پیش کرنے کی صورت میں سورۃ کا نام، نمبر اور آیت نمبر درج کیا جائے گا۔

۳۔ احادیث کے حوالہ جات بھی بنیادی کتب احادیث سے لیے جائیں گے۔

۴۔ مقالہ میں فقہ اور اصول فقہ سے متعلق حوالہ جات کے لیے مستند اور بنیادی کتب فقہ سے استفادہ کیا جائے گا۔

منصوبہ تحقیق:

مقالہ ہذا الجامع لاحکام القرآن میں امام قرطبی کے فقہی استدلالات (فقہ النساء کا خصوصی مطالعہ) کی تقسیم تین ابواب کے تحت کی جائے گی۔

باب اول:

امام قرطبی اور تفسیر الجامع لاحکام القرآن سے متعلق ہے۔اس باب کی تین فصول ہیں۔پہلی فصل میں امام قرطبی کے حالاتِ زندگی کو بیان کیا جائے گا۔فصل دوم میں امام قرطبی کی علمی و دینی خدمات کا تعارف کرایا جائے گا۔فصل سوم میں تفسیر کا اجمالی تعارف بیان کیا جائے گا۔

باب دوم:

تفسیر الجامع لاحکام میں عائلی مسائل کے تحت تین فصول بیان کی جائیں گیں۔پہلی فصل میں نکاح وطلاق کے مسائل بیان کیے جائیں گے۔دوسری فصل میں عدت کے مسائل بیان کیے جائیں گے۔تیسری فصل میں ظہار اور لعان کے مسائل بیان کیے جائیں گے۔

باب سوم:

عورت سے متعلق دیگر فقہی مسائل میں تین فصول ہیں۔پہلی فصل میں عورت کی گواہی اور دیت کے مسائل بیان کیے جائیں گے۔دوسری فصل میں پردہ کے احکامات کو بیان کیا جائے گا۔تیسری فصل میں حقوق مالیہ کو بیان کیا جائے گا۔